گرینفیل ٹاور (Grenfell Tower) انکوائری کے چیئر انکوائری کی حوالے کی شرائط پر آراء طلب کرنا چاہتے ہیں

15 جون 2017 کو، وزیراعظم نے اعلان کیا کہ گرینفیل ٹاور میں اس آتشزدگی گے بارے میں ایک عوامی انکوائری ہو گی جو ایک دن پہلے شروع ہوئی تھی۔ اُس کے بعد انہوں نے اعلان کیا کہ انکوائری کی صدارت جناب مارٹن مور بِک (Martin Moore Bick) کریں گے۔

عوامی انکوائریز سنگین عوامی تشویش کے معاملات کی تحقیقات، فیصلوں اور واقعات کی جانچ پڑتال کرتی ہیں۔ عوامی انکوائریز کیسے کام کرتی ہیں، اس بارے میں کچھ اصول ہوتے ہیں، جو کہ Inquiries Act 2005 میں وضع کردہ ہیں۔

عوامی انکوائریز فوجداری تحقیقات سے قدرے مختلف ہوتی ہیں۔ میٹروپولٹین پولیس ایک متوازی فوجداری تحقیق سرانجام دے رہی ہے اور وہ اِس عوامی تفتیش سے علیحدہ ہے۔ یہ عوامی انکوائری بذاتِ خود کسی فوجداری سزا میں منتہج نہیں ہو گی: اس کا مقصد حکومت اور دیگر حکام کو حقائق اور سفارشات فراہم کرنا ہے۔ اس کے نتائج ان لوگوں کے لئے متعلقہ ہوسکتے ہیں جو یہ فیصلہ کرنے کے ذمہ دار ہیں کہ آیا کوئی سزا ہونی چاہیئے یا نہیں۔ اگر، تحقیق کے دوران، انکوائری کو کوئی مجرمانہ سرگرمی ملی تو وہ فوراً ان معلومات کو متعلقہ حکام کو منتقل کردے گی۔

گرینفیل ٹاور انکوائری اس سانحے کے اسباب کا تعین کرنے اور موزوں اسباق کے سیکھنے کو یقینی بنانے کے لئے ڈیزائن کی گئی ہے۔ یہ کرنے کیلئے، انکوائری کو گرینفیل ٹاور میں آتشزدگی کے پیش آنے، اس کے پوری عمارت میں پھیلاؤ اور اس کے مکینوں پر اثرات کی وجہ بننے والے اور اس کے ارد گرد کے تمام متعلقہ حالات کا معائنہ کرنے کی ضرورت پڑے گی۔ اس کا خاص طور پر مطلب ہے کہ عمارت کے محض ڈیزائن، تعمیر اور ترمیم سے بالا حالات پر نظر ڈالنا۔ اس کا مطلب یہ ہو گا کہ متعلقہ عوامی محکموں اور ٹھیکیداروں کے کردار پر نظر ڈالنا اور مناسب قواعد و ضوابط کی موزونیت اور نفاذ کے لیے آتشزدگی کے وسیع تر مضمرات۔ اس کا مطلب ہوگا کہ اس طرح کے ہنگامي حالات سے نمٹنے اور مقامی رہائشیوں کی طرف سے بیان کردہ خدشات سے نمٹنے کے لئے مقامی طور پر رائج انتظامات کو دیکھنا۔ یہ فہرست مکمل نہیں ہے۔

ایک عوامی انکوائری کا دائرہ کار اس کی حوالے کی شرائط متعین کرتی ہیں۔ حوالے کی ان شرائط کا تعین ابھی تک نہیں کیا گیا۔ وزیراعظم نے انکوائری ٹیم سے مطالبہ کیا ہے کہ حوالے کی شرائط پر ایک عوامی مشاورت سرانجام دے اور اس بارے میں سفارشات بنائے کہ انہیں کن چیزوں کا احاطہ کرنا چاہیئے۔ لہذا چیئر ان آراء کی تلاش کر رہے ہیں کہ گرینفیل آتشزدگی کی انکوائری کے لئے حوالے کی شرائط کو کن چیزوں کا احاطہ کرنا چاہیئے. وہ آتشزدگی سے متاثرہ افراد یا بصورت دیگر ممکنہ طور پر انکوائری کے کام میں ملوث ہونے والوں سے براہ راست سننا چاہتے ہیں، لیکن وہ اس مشاورت کو صرف اُن تک محدود نہیں کر رہے۔

انکوائری دو مراحل میں رپورٹ کرے گی، مع ایک جلد از جلد شائع کی جانے والی عارضی رپورٹ کے۔

متاثرین کے خاندانوں، بچنے والے افراد اور دیگر متاثرہ افراد کو سننے اور ان کے خیالات کو جاننے کے لئے اگلے دو ہفتوں میں میٹنگز کا ایک سلسلہ ہوگا۔ معلومات کو میٹنگز کے اوقات اور مقامات پر دستیاب کیا جائے گا۔ متبادل طور پر خیالات Grenfell Tower Inquiry, Royal Courts of Justice, Strand, London WC2A 2LL، کو لکھ کر یا یہاں پر ای میل کے ذریعہ بھیجے جا سکتے ہیں: contact@grenfelltowerinquiry.org.uk، 14 جولائی 2017 کے دن کے اختتام سے تاخیر سے نہیں ہونا چاہیئے۔

چیئر امید کرتے ہیں کہ جو لوگ آراء جمع کرا رہے ہیں وہ ایسی کسی محدود ڈیڈ لائن کی ضرورت کو سمجھیں گے۔ وہ ثبوت لینا شروع نہیں کر سکتے جب تک انہیں حوالے کی

شرائط نہ دی گئی ہوں۔ قدرتی طور پر وہ جتنی جلد ممکن ہو یہ کرنا چاہتے ہیں۔ انفرادی طور پر جمع کرائی گئی تحاریر کا جواب دینا ممکن نہیں ہو گا، لیکن اُن کی وصولی کو تسلیم کیا جائے گا اور ڈیڈلائن تک فراہم کردہ تمام آراء پر غور کیا جائے گا۔

چیئر کوئی سی بھی تجاویز یا آراء کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ مندرجہ ذیل سوالات کو رہنمائی کے طور پر استعمال کیا جانا چاہیئے لیکن یہ محدود نہیں کرتے۔

- آپ کے خیال میں انکوائری کو کن چیزوں کا احاطہ کرنا چاہیئے؟
- کیا کسی قسم کا کوئی ثبوت ہے جو آپ کے خیال میں انکوائری کا حاصل کرنا لازمی ہے؟
- اپنی عارضی رپورٹ میں انکوائری کو کن چیزوں سے نمٹنا چاہیئے؟ مرکزی رپورٹ کیلئے کس چیز کو چھوڑ دینا چاہیئے تاکہ عارضی رپورٹ کو فوری طور پر شائع کیا جا سکے؟
- کیا آپ چاہیں گے کہ آپ کو انکوائری کے کام سے آگاہ رکھا جائے؟ آپ کس طرح خود سے رابطہ کروانا چاہیں گے؟

چیئر کی تجویز پر، وزیرِ اعظم انکوائری کے دوران حوالے کی شرائط کو تبدیل کر سکتی ہیں، بصورت ایسا کرنا ناگزیر ظاہر ہوا۔

GRENFELL TOWER PUBLIC INQUIRY TEAM
4/7/2017

پریس ریلیز

گرینفیل ٹاور انکوائری کو اپنے کام پر آراء مطلوب ہیں

گرینفیل ٹاور کی آتشزدگی سے متاثرہ مکینوں اور دلچسپی رکھنے والے دیگر افراد کو دعوت دی جاتی ہے کہ آتشزدگی کے متعلق عوامی انکوائری کے کام کو بہتر صورت میں ڈھالنے کیلئے مدد دیں۔

انکوائری کے چیئر نے حوالے کی شرائط کے متعلق ایک مشاورت کا آغاز کیا ہے جو یہ طے کرے گی کہ انکوائری کن چیزوں کا احاطہ کرے گی۔

کوئی بھی شخص آن لائن یا لکھ کر تحریری آراء جمع کرا سکتا ہے۔ مشاورتی دستاویز یہاں پر دستیاب ہے۔ انکوائری خصوصاً اُن لوگوں کی بات سننا چاہے گی جو آتشزدگی سے متاثر ہوئے ہیں، اور کلیدی گروپس کے ساتھ میٹنگز کا ایک سلسلہ منعقد کرائے گی۔ ان میٹنگز کے متعلق مزید تفصیلات اگلے چند دن میں دستیاب کی جائیں گی۔

انکوائری کے چیئر، سر مارٹن مور بک ((Sir Martin Moore-Bick، حوالے کی شرائط بناتے ہوئے خود کو دی گئی تمام تجاویز پر غور کریں گے۔ پھر وہ وزیرِ اعظم کے نام ایک تجویز تیار کریں گے، جو حوالے کی شرائط پر حتمی فیصلہ لیں گی۔

سر مارٹن مور بِک نے کہا:

"میں آتشزدگی کے متعلق مکمل حقائق استوار کرنے کیلئے کوشاں ہوں، تاکہ اس کی وجوہات کو سمجھوں، اور ایسے سانحے کو آئندہ کبھی بھی ہونے سے روکوں۔

"جلد از جلد ایک کارآمد رپورٹ تیار کرنے کیلئے انکوائری کے دائرہ کار کو لازماً بنیادی طور پر محض سانحے پر ہی مرکوز کرنا پڑے گا، لیکن مجھے یہ بات واضح کرنی چاہیئے کہ میں متعلقہ عوامی محکموں اور ٹھیکیداروں سمیت شواہد کے ایک وسیع سلسلے پر غور کرنا چاہوں گا تاکہ مجھے اہم سوالات کے جوابات تلاش کرنے میں مدد مل سکے۔"

"لہٰذا میں آتشزدگی سے براہِ راست متاثر ہونے والے افراد اور دیگر اُن افراد سے براہِ راست سننا چاہوں گا جو انکوائری کے کام کی سمت اور اُن سوالات کا تعین کرنے میں ملوث ہیں جن کے جوابات ہمیں طلب کرنے چاہئیں۔

تمام تجاویز 14 جولائی 2017 کو شام 6 بجے تک انکوائری کو جمع کرا دی جانی چاہئیں۔

تجاویز کو contact@grenfelltowerinquiry.org.uk پر یا پھر بذریعہ ڈاک Grenfell Inquiry Team, Royal Courts of Justice, Strand, London WC2A 2LL پر بھیجا جانا چاہیئے۔

صحافی 07736 485970 یا media@grenfelltowerinquiry.org.uk پر انکوائری میڈیا ٹیم سے رابطہ کر سکتے ہیں